A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

112-

Roll No. ________ Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate ____________ Sig. of Invigilator. ____________

# اُردو(لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف، ب، ج، د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ہجرت کے موقع پر حضور ﷺ نے کس کو اپنے ساتھ چلنے کی اجازت دی؟

الف۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ ب۔ حضرت ابوایوب انصاری

ج۔ حضرت عمرؓ د۔ حضرت عثمانؓ

(ii) پیچ اور اسکرو بھی ______ کی ایجاد ہیں۔

الف۔ یونان ب۔ عرب

ج۔ ترکی د۔ مصر

(iii) یورپ والوں نے سائنس مسلمانوں ہی سے:

الف۔ سیکھی ب۔ لی

ج۔ نہیں لی د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iv) مسلمانوں نے سائنس کو ______ سے زیادہ ترقی دی۔

الف۔ یونانیوں ب۔ ایرانیوں

ج۔ مصریوں د۔ جاپانیوں

(v) مرزا کے انتظار میں چاروناچار اسی ______ میں ٹھہرنا پڑا۔

الف۔ مسجد ب۔ گھر

ج۔ دوکان د۔ محلے

(vi) وادی ہنزہ کے چراغاں کے مصنف ہیں:

الف۔ مستنصر حسین تارڑ ب۔ مرزا فرحت اللہ بیگ

ج۔ چراغ حسن حسرت د۔ حاجرہ مسرور

(vii) کمرے کے درمیان اکبر ایک ______ فرغل پہنے ہاتھ ایک ہشت پہلو میز پر ٹکائے کھڑا سامنے گھور رہا تھا۔

الف۔ کشمیری ب۔ مصری

ج۔ سندھی د۔ افغانی

(viii) ایک مرتبہ ایک صاحب کہنے لگے کہ مولانا ظفر علی خان زبان اور محاورے کے ہیں:

الف۔ استاد ب۔ شاگرد

ج۔ گرو د۔ بڑے

(ix) مولانا ظفر علی خان کے متعلق یہ بات ہے کہ مولانا ______ کے بہت رسیا ہیں۔

الف۔ حقہ ب۔ سگریٹ

ج۔ چائے د۔ پان

Result.pk

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(x) بار بار کے پکارنے کنڈی کھڑکھڑانے سے ________ لونڈیاں چراغ لیے ہوئے اندر سے نکلیں۔

الف۔ دو   ب۔ چار

ج۔ چھ   د۔ آٹھ

(xi) ایرانی قالینوں کے فرش پردائیں کونے میں ________ کے بھاری بھاری جڑاو پایوں کا ایک پلنگ بچھا تھا۔

الف۔ سونے   ب۔ چاندی

ج۔ لوہا   د۔ پیتل

(xii) گاندھی جی سے ٹکر لینے کے بعد مولوی صاحب ________ قائداعظم بن گئے۔

الف۔ اردو   ب۔ عربی

ج۔ فارسی   د۔ ہندی

(xiii) مصر اور عراق کے بعد تجربے اور مشاہدے کی سرگرمیاں شروع ہوئیں۔

الف۔ یونان میں   ب۔ افغانستان میں

ج۔ جرمنی میں   د۔ انڈیا میں

(xiv) پپائرس کیا ہے؟

الف۔ کاغذ   ب۔ قلم

ج۔ دوات   د۔ سیاہی

(xv) مولوی عبدالحق کی شادی ہو چکی تھی۔

الف۔ اردو سے   ب۔ انگریزی سے

ج۔ ہندی سے   د۔ فارسی سے

(xvi) مولانا ظفر علی خان کی آرزو ہے کہ ________ کے سارے کام ان کے ہاتھوں سے انجام پائیں۔

الف۔ دنیا   ب۔ عالم

ج۔ ملک   د۔ گھر

(xvii) مرزا کے انتظار میں چاروناچار اسی مسجد میں ________ پڑا۔

الف۔ ٹھہرنا   ب۔ بیٹھنا

ج۔ جاگنا   د۔ اُٹھنا

(xviii) تمام مشینوں کی ماں کا نام ہے:

الف۔ پیچ اور اسکرو   ب۔ قینچی

ج۔ چاقو   د۔ چھری

(xix) مہاراج رحم کیجیے میری التجا تھی اس کو چھوڑ دیجیے اب میری ________ ہے۔

الف۔ فرمائش   ب۔ درخواست

ج۔ عرض   د۔ خواہش

(xx) غیر ملکی ________ گمشدہ بھیڑوں کی طرح ادھر گھوم رہے تھے۔

الف۔ سیاح   ب۔ لوگ

ج۔ مسافر   د۔ عورتیں

---

برائے ممتحن:   کُل نمبر: 20   حاصل کردہ نمبر: ______

Result.pk

113

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

## حصّہ دوم (کُل نمبر: 48)

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل اجزاء میں سے بارہ (12) کے تین سے چار سطروں میں جواب لکھیں: (12x4=48)

(i) حضور ﷺ کی حفاظت کے لیے عمرو بن طفیل (عمر) نے کیا پیش کش کی؟

(ii) حضور ﷺ کی تشریف آوری پر اہم مدینہ کا کیا ردِ عمل تھا؟

(iii) قدیم انسان سائنسی معلومات کو کیوں محفوظ نہیں رکھ سکا؟

(iv) مرزا صاحب کس حالت میں باہر آئے؟

(v) سلیمہ کی محبت انارکلی پر کون کون سے الزام لگائے گئے؟

(vi) انارکلی کی ماں نے رانی سے رحم کی بھیک کیوں مانگی؟

(vii) ہنزہ پاکستان کے کس حصے میں واقع ہے؟

(viii) کرس کون تھا؟

(ix) حسرت کی مولانا ظفر علی سے پہلی ملاقات کہاں ہوئی؟

(x) مولوی صاحب انجمن کا دفتر دلی کیوں لے آئے؟

(xi) صدیقی صاحب کی اقبال سے پہلی ملاقات کب ہوئی؟

(xii) اللہ تعالیٰ کی داستان کون سناتا ہے؟

(xiii) زنجیرِ آزادی سے کیا مراد ہے؟

(xiv) ریل کے غیظ و غضب کا اندازہ کیسے ہوتا ہے؟

(xv) گنجائش سے کیا مراد ہے؟

(xvi) مندرجہ ذیل میں سے چار الفاظ کے معنی لکھیے:

ساخت ، کائنات ، وافر ، عہد ، قلب

## حصّہ سوم (کُل نمبر: 32)

Result.pk

سوال نمبر ۳۔ سبق اور مصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ فاتح خیبر کے لیے قتل گاہ فرشِ گل تھا۔

ب۔ میں ذرا کپڑے پہن کر آؤں تو آپ کے ہمرکاب چلوں۔

سوال نمبر ۴۔ کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
تیور دکاندار کے شعلے سے کم نہ تھے
لہجے میں گونجتی تھی گرانی غرور کی
گاہک سے کہہ رہا تھا ذرا آئینہ تو دیکھ
کس منہ سے دال مانگ رہا ہے مسور کی

ب۔
جو چوٹ بھی لگی ہے وہ پہلے سے بڑھ کے تھی
ہر ضرب کربناک پہ میں تلملا اٹھا
پانی کا سوئی گیس کا بجلی کا فون کا
بل اتنے مل گئے ہیں کہ میں تلملا اٹھا

سوال نمبر ۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالوں کے جوابات لکھیے: (2+2=4)

(i) تشبیہ کی تعریف کریں؟

(ii) مقطع سے کیا مراد ہے؟

(iii) تلمیح سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر ۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں: (05)

الف۔ صبح کی سیر ب۔ قائدِ اعظم

سوال نمبر ۷۔ چچا کے نام تحفے کے شکریہ کا خط لکھیں۔ (05)

سوال نمبر ۸۔ درخواست برائے حصولِ ملازمت (نوکری) کی درخواست لکھیں۔ (05)